KANZUL MADARIS BOARD

للبحوث العلمية

1445هـ/ 2024م

لطلاّب الباحثين

لنيل شهادة العالميّة في العلوم العربيّة والاسلاميّة

(ماجستير)

تحت اشراف

كنز المدارس پاکستان

KANZUL MADARIS BOARD

1445ھ / 2024ء

نتیجہ از ممتحن برائے عالمیہ

عنوان مقالہ ______ عنوان نمبر ______

نام اُمیدوار ______ عالمیہ سال اول کارول نمبر ______

نام ادارہ ______ ڈویژن ______

نمبرات کی تقسیم کاری اور مختصر ملاحظات

نمبر شمار	مقالہ کے حصے	مقررہ نمبر	حاصل کردہ نمبر	نمبر کم ہونے کی وجہ
1	فہرست عنوانات + ٹائٹل پیج	10		
2	مقدمہ میں درج ذیل امور کا احاطہ ضروری ہے۔ تعارفِ موضوع، اہمیتِ موضوع، مقاصدِ تحقیق، اسباب انتخابِ موضوع، فرضیہ تحقیق، سابقہ تحقیقات کا جائزہ اور منہج تحقیق	20		
3	صُلبِ موضوع (سوالات و اہداف کے مطابق موضوع پر تحقیق)	120		
4	حواشی و حوالہ جات	10		
5	موضوع کی بحث پر مبنی نتائج / خلاصہ بحث	10		
6	موضوع پر مزید کام کرنے کی تجاویز	10		
7	مقالہ میں وارد آیات و احادیث کی فہرست (آخر میں لگائیں)	10		
8	فہرست مصادر و مراجع	10		
	میزان	200		

مقالہ کے بارے میں ممتحن کے عمومی تاثرات: ______

______

______

نام ممتحن ______

دستخط ممتحن ______

تاریخ ______

نوٹ: مندرجہ بالا پرفارما کاپی کرکے اُمیدوار اپنے مقالے کے آغاز میں لگائے، اس میں مطلوبہ کوائف کو اُمیدوار خود احتیاط سے درج کرے۔

فهرس الموضوعات للبحوث العلمية

لنيل درجة الشهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية

التفسير وما يتعلق به

#	العنوان	نموذج الهدف
.1	سورۃ الفاتحہ کی کلامی مباحث (تفسیرِ کبیر کی روشنی میں ایک تحقیقی جائزہ)	تفسیرِ کبیر کا تعارف، مصنف کا تعارف، تفسیرِ کبیر کا منہج و اسلوب، تفسیرِ کبیر کا دیگر تفاسیر کے مقابلے امتیازی مقام، تفسیرِ کبیر کی روشنی میں سورۃ الفاتحہ کی کلامی مباحث کا تحقیقی جائزہ۔
.2	سورۃ آلِ عمران کی کلامی مباحث (تفسیرِ ماتریدی کی روشنی میں ایک تحقیقی جائزہ)	تفسیرِ ماتریدی کا تعارف، مصنف کا تعارف، تفسیرِ ماتریدی کا منہج و اسلوب، تفسیرِ ماتریدی کا دیگر تفاسیر کے مقابلے امتیازی مقام، تفسیرِ ماتریدی کی روشنی میں سورۃ آل عمران کی کلامی مباحث کا تحقیقی جائزہ۔
.3	سورۃ مریم اور یوسف کی کلامی مباحث (تفسیرِ جلالین کی روشنی میں ایک تحقیقی جائزہ)	تفسیرِ جلالین کا تعارف، مصنف کا تعارف، تفسیرِ جلالین کا منہج و اسلوب، تفسیرِ جلالین کا دیگر تفاسیر میں امتیازی مقام، تفسیرِ جلالین کی روشنی میں سورۃ مریم اور سورۃ یوسف میں موجود کلامی مباحث کا تحقیقی جائزہ۔
.4	سورۃ مریم اور یوسف کی کلامی مباحث (تفسیر الحسنات کی روشنی میں ایک تحقیقی جائزہ)	تفسیر الحسنات کا تعارف، مصنف کا تعارف، تفسیر الحسنات کا منہج و اسلوب، تفسیر الحسنات کا دیگر تفاسیر میں امتیازی مقام، تفسیر الحسنات کی روشنی میں سورۃ مریم اور سورۃ یوسف میں موجود کلامی مباحث کا تحقیقی جائزہ۔
.5	سورۃ البقرۃ کی فقہی مباحث (تفسیرِ خازن کی روشنی میں ایک تحقیقی جائزہ)	تفسیرِ خازن و مصنف کا تعارف، تفسیر کا منہج و اسلوب، تفسیرِ خازن کا دیگر تفاسیر کے مقابلے امتیازی مقام و خصوصیات، تفسیرِ خازن میں موجود ابحاث کا فنی جائزہ، سورۃ البقرۃ کی فقہی مباحث کا جائزہ۔
.6	سورۃ البقرۃ کی فقہی مباحث (تفسیر البحر المحیط کی روشنی میں ایک تحقیقی جائزہ)	تفسیر البحر المحیط و مصنف کا تعارف، تفسیر کا منہج و اسلوب، تفسیر البحر المحیط کا دیگر تفاسیر کے مقابلے امتیازی مقام و خصوصیات، تفسیر البحر المحیط میں موجود ابحاث کا فنی جائزہ، سورۃ البقرۃ کی فقہی مباحث کا جائزہ۔
.7	سورۃ النساء کی فقہی مباحث (تفسیرِ مظہری کی روشنی میں ایک تحقیقی جائزہ)	تفسیرِ مظہری کا تعارف، مصنف کا تعارف، تفسیرِ مظہری کا دیگر تفاسیر کے مقابلے میں منفرد انداز، تفسیرِ مظہری کی روشنی میں سورۃ النساء میں موجود فقہی مباحث کا تحقیقی جائزہ۔
.8	سورۃ النساء کی فقہی مباحث (تفسیرِ صراط الجنان کی روشنی میں ایک تحقیقی جائزہ)	تفسیرِ صراط الجنان کا تعارف، مصنف کا تعارف، تفسیرِ صراط الجنان کا دیگر اردو تفاسیر کے مقابلے میں امتیازی منہج و اسلوب، صراط الجنان میں سورۃ النساء میں موجود فقہی ابحاث کا جائزہ و اسلوب۔
.9	سورۃ الانعام کی فقہی مباحث (تفسیرِ صراط الجنان کی روشنی میں ایک تحقیقی جائزہ)	تفسیرِ صراط الجنان کا تعارف، مصنف کا تعارف، تفسیرِ صراط الجنان کا دیگر اردو تفاسیر کے مقابلے میں امتیازی منہج و اسلوب، صراط الجنان میں سورۃ الانعام میں موجود فقہی ابحاث کا جائزہ و اسلوب۔
.10	سورۃ النساء (ایک موضوعاتی مطالعہ)	سورۃ النساء کا تعارف، شادی، نکاح، طلاق اور بیویوں سے عدل کرنے کے بارے میں تفصیلات۔
.11	سورۃ الانعام (ایک موضوعاتی مطالعہ)	سورۃ الانعام کا تعارف، ایمان کیا ہے؟ ایمان کے اہم اجزا، نیکی اور بدی کے نتائج۔

.12	سورۃ الاعراف (ایک موضوعاتی مطالعہ)	سورۃ الاعراف کا تعارف، حضرت آدم علیہ السلام کو سجودِ ملائکہ اور انکارِ ابلیس کا واقعہ، یومِ سبت کا واقعہ، حضرت نوح وہود علی نبینا وعلیہما الصلاۃ والسلام کی قوم کا تذکرہ سورہ اعراف کی روشنی میں۔
.13	سورۃ الانفال (ایک موضوعاتی مطالعہ)	سورۃ الانفال کا تعارف، مالِ غنیمت کی تقسیم کے متعلق احکام، جہاد کے آداب وفرائض، مجاہدین کے فرائض۔
.14	سورۃ یونس (ایک موضوعاتی مطالعہ)	سورۃ یونس کا تعارف، بت پرستوں کا رد، کلام کا مخلوقِ قرآن نہ ہونا، فرعون کی تباہی۔
.15	سورۃ ہود (ایک موضوعاتی مطالعہ)	سورۃ ہود کا تعارف، قومِ عاد اور اس میں حضرت ہود کی بعثت، قومِ ثمود کے اعمال اور ان کی تباہی، قومِ لوط کے اعمال اور تباہی، حضرت شعیب علیہ السلام اور ان کا اپنی قوم کو دعوت و تبلیغ۔
.16	سورۃ یوسف (ایک موضوعاتی مطالعہ)	سورۃ یوسف کا تعارف، حضرت یوسف علیہ السلام کا تفصیلی تذکرہ سورۃ یوسف کی روشنی میں۔
.17	سورۃ الرعد (ایک موضوعاتی مطالعہ)	سورۃ الرعد کا تعارف، بیانِ رسالت، حقیقتِ قرآن، وعدو وعید۔
.18	سورۃ ابراہیم (ایک موضوعاتی مطالعہ)	سورۃ ابراہیم کا تعارف، توحید باری تعالیٰ، رسالتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم، حشر ونشر۔
.19	سورۃ حجر (ایک موضوعاتی مطالعہ)	سورۃ حجر کا تعارف، قومِ لوط کے اعمال اور ان کی تباہی، اصحابِ ایکہ اور ان کے کفر کی سزا، قومِ ثمود پر عذاب۔
.20	سورۃ الانعام اور النساء کی صُوفیانہ تفسیر (تفسیرِ نعیمی کی روشنی میں ایک اختصاصی مطالعہ)	تفسیرِ نعیمی کا تعارف، مصنف کا تعارف، منہج و اسلوب، تفسیرِ صُوفیانہ میں مصنف کا منہج، سورۃ الانعام اور سورۃ النساء کا تعارف، تفسیرِ نعیمی کی روشنی میں ان سورتوں میں موجود تفسیرِ صوفیانہ، رموز و اشارات۔
.21	سورۃ الانفال اور سورۃ التوبہ کے بلاغی پہلو (علمِ معانی کی روشنی میں ایک اختصاصی مطالعہ)	سورۃ الانفال اور سورۃ التوبہ کا تعارف، علمِ معانی کا تعارف، اس کی اہمیت وافادیت، ان سورتوں میں علمِ معانی کے مطابق بلاغی پہلو اور تطبیقِ قواعد۔
.22	سورۃ الانفال اور سورۃ التوبہ کے بلاغی پہلو (علمِ بیان کی روشنی میں ایک اختصاصی مطالعہ)	سورۃ الانفال اور سورۃ التوبہ کا تعارف، علمِ بیان کا تعارف، اہمیت و افادیت، ان سورتوں میں علمِ بیان کے مطابق بلاغی پہلو اور تطبیقِ قواعد۔
.23	سورۃ الانعام اور سورۃ النساء کے توابع	سورۃ الانعام اور سورۃ النساء کا تعارف، توابع کا تعارف، توابع کی اقسام، ان سورتوں میں پائے جانے والے توابع کا جائزہ اور تفصیل۔
.24	سورۃ الانعام اور سورۃ النساء میں مہموز کے قواعد کا اجراء (ایک تحقیقی مطالعہ)	سورۃ الانعام اور سورۃ النساء کا تعارف، مہموز کے قواعد کا تعارف، مہموز کے قواعد سے واقفیت کی ضرورت اور اہمیت، عدمِ واقفیت کے نقصانات، ان سورتوں میں موجود صیغ مہموز کا قواعدِ مہموز پر اجراء۔
.25	سورۃ الانعام اور سورۃ النساء میں مضاعف کے قواعد کا اجراء (ایک تحقیقی مطالعہ)	سورۃ الانعام و سورۃ النساء کا تعارف، مضاعف کے قواعد کا تعارف، قواعد سے واقفیت کی ضرورت و اہمیت، عدمِ واقفیت کے نقصانات، ان سورتوں میں موجود صیغِ مضاعف کا قواعدِ مضاعف پر اجراء۔
.26	سورۃ الانعام اور سورۃ النساء میں مثال کے قواعد کا اجراء (ایک تحقیقی مطالعہ)	سورۃ الانعام اور سورۃ النساء کا تعارف، مثال کا تعارف، مثال کے قواعد اور ان سے واقفیت کی ضرورت اور اہمیت، عدمِ واقفیت کے نقصانات، ان سورتوں میں موجود صیغِ مثال کا قواعدِ مثال پر اجراء۔

.27	سورۃ الانعام اور سورۃ النساء میں اجوف کے قواعد کا اجراء (ایک تحقیقی مطالعہ)	سورۃ الانعام و سورۃ النساء کا تعارف، اجوف کے قواعد کا تعارف، قواعد سے واقفیت کی ضرورت اور اہمیت، عدمِ واقفیت کے نقصانات، ان سورتوں میں موجود صیغ اجوف کا قواعدِ اجوف پر اجراء۔
.28	سورۃ الانعام اور سورۃ النساء میں ناقص کے قواعد کا اجراء (ایک تحقیقی مطالعہ)	سورۃ الانعام و سورۃ النساء کا تعارف، ناقص کے قواعد کا تعارف، ناقص کے قواعد سے واقفیت کی ضرورت اور اہمیت، عدمِ واقفیت کے نقصانات، ان سورتوں میں موجود صیغِ ناقص کا قواعدِ ناقص پر اجراء۔
.29	اسبابِ نزول کی مباحث کا تقابلی جائزہ (الفوز الکبیر اور الاتقان للسیوطی کی روشنی میں)	الفوز الکبیر اور الاتقان فی علوم القرآن کا تعارف، مصنفین کا تعارف، موضوع سے متعلقہ مابہ الاتفاق اور مابہ الافتراق مباحث کا جائزہ۔
.30	غرائب القرآن کی مباحث کا تقابلی جائزہ (الفوز الکبیر اور الاتقان للسیوطی کی روشنی میں)	الفوز الکبیر اور الاتقان فی علوم القرآن کا تعارف، مصنفین کا تعارف، موضوع سے متعلقہ مابہ الاتفاق اور مابہ الافتراق مباحث کا جائزہ۔
.31	ناسخ اور منسوخ کی مباحث کا تقابلی جائزہ (الفوز الکبیر اور الاتقان للسیوطی کی روشنی میں)	الفوز الکبیر اور الاتقان فی علوم القرآن کا تعارف، مصنفین کا تعارف، موضوع سے متعلقہ مابہ الاتفاق اور مابہ الافتراق مباحث کا جائزہ۔
.32	اسلوبِ قرآن کی مباحث کا تقابلی جائزہ (الفوز الکبیر اور الاتقان للسیوطی کی روشنی میں)	الفوز الکبیر اور الاتقان فی علوم القرآن کا تعارف، مصنفین کا تعارف، موضوع سے متعلقہ مابہ الاتفاق اور مابہ الافتراق مباحث کا جائزہ۔
.33	تفسیراتِ احمدیہ کے عام، خاص، مطلق اور مقید کا اختصاصی مطالعہ	تفسیراتِ احمدیہ و مصنف کا تعارف، دیگر تفاسیر کے مقابلے امتیازی مقام و خصوصیات، عام، خاص، مطلق اور مقید کا تعارف، تفسیراتِ احمدیہ میں پائی جانے والیں عام، خاص، مطلق اور مقید کی ابحاث کا جائزہ اور تفصیل۔
.34	ثنایاعُلیا کے ٹوٹنے کے سبب سورۃ البقرۃ کی پڑھی جانی والی آیات کا اختصاصی مطالعہ	ثنایاعُلیا کا تعارف، ان سے کون سے حروف ادا ہوتے ہیں؟ سورۃ البقرۃ سے ان آیات کی نشاندہی کریں جن میں ثنایاعلیا والے حروف نہیں پائے جاتے ہیں۔
.35	تزکیہ نفس کے متعلق قرآنی آیات کا تفسیری مطالعہ	تزکیہ نفس کی حقیقت، تزکیہ نفس کے ثمرات و فوائد، تزکیہ نفس سے متعلق آیات کی فہرست، صوفیانہ تفسیر میں تزکیہ نفس کے پہلو، مختلف کتبِ تفسیرِ صوفیانہ کا تعارف، کتبِ تفاسیر میں تزکیہ نفس کا انداز۔
.36	تفسیر بالماثور کی قلت کے اسباب	تفسیر بالماثور کا تعارف، اس سے واقفیت کی ضرورت و اہمیت، عدمِ واقفیت کے نقصانات، بعض کتبِ تفسیر بالماثور کا تعارف، تفسیر بالماثور کی قلت کے اسباب۔
.37	قرآن مجید میں شعائر اللہ کے اطلاقات	شعائر اللہ کا لغوی و اصطلاحی معنی، قرآن مجید میں شعائر اللہ کے مختلف اطلاقات، نتائج و ثمرات۔
.38	قرآن فہمی میں شعر و ادب کی اہمیت (ایک اختصاصی مطالعہ)	عربی شعر و ادب کا تعارف و تاریخ، مشہور عربی شعری دواوین کا تعارف، صحابہ کرام، تابعین و تبع تابعین رضی اللہ عنہم میں شعر و ادب سے منسلک بعض افراد کا مختصر تعارف، قرآن فہمی کے لئے شعر و ادب سیکھنے کی اہمیت، شعر و ادب سیکھنے کا شرعی حکم، عدمِ واقفیت کے نقصانات، نتائج و ثمرات۔
.39	جواہر القرآن للغزالی (ترجمہ اور تخریج)	کتاب و مصنف کا تعارف، سلیس اردو ترجمہ، کتاب کی نصوص کی جدید تحقیقی قواعد کے مطابق تخریج۔

الحديث وما يتعلق به

#	العنوان	نموذج الهدف
.1	نزہۃ النظر کی عربی شروحات (ایک تقابلی جائزہ)	نزہۃ النظر کا تعارف، مصنف کا تعارف، نزہۃ النظر کی عربی شروحات کا تعارف، ان شروحات کی فنی ابحاث کا تقابلی جائزہ۔
.2	خبرِ آحاد اور اس کی اقسام (ایک مطالعاتی جائزہ)	خبر آحاد کی تعریف، اقسام، احادیث سے امثلہ، خبر آحاد کی مختلف اقسام کے مظان، خبر آحاد کے معمول بہ اور غیر معمول بہ ہونے کی تفصیل۔
.3	علومِ حدیث پر گزرے ادوار (ایک مطالعاتی جائزہ)	علومِ حدیث کا تعارف، اس کی مختلف ادوار میں تقسیم، ہر دور کے جید علمائے علومِ حدیث کا تعارف اور ان کی خدمات۔
.4	صحیح بخاری اور مؤطا امام مالک میں پائی جانے والی مقطوع روایات کا جائزہ	امام بخاری اور امام مالک کے حالاتِ زندگی، دونوں ائمہ کی کتب کا تعارف، دونوں کتابوں میں پائی جانے والی مقطوع روایات کا جائزہ اور فنی حیثیت۔
.5	معاجمِ ثلاثہ اور امام طبرانی رحمۃُ اللہِ علیہ (ایک تعارفی جائزہ)	معجم کی تعریف، امام طبرانی کا تعارف، امام طبرانی کی معاجمِ ثلاثہ کا منہج و اسلوب، خاتمہ، فوائد و نتائجِ بحث۔
.6	قواعدِ وضع اور ان کی عملی تطبیق	حدیثِ موضوع کی تعریف، اسبابِ وضع، مشہور واضعینِ حدیث، اصولِ وضع، ان کی عملی تطبیق۔
.7	علمِ حدیث میں امام مسلم رحمۃُ اللہِ علیہ کا مقام اور آپ کی صحیح کا منہج و اسلوب	امام مسلم کا تعارف، صحیح مسلم کا تعارف، مقام و مرتبہ، صحیح مسلم میں امام مسلم کا منہج و اسلوب اور اس کے فوائد۔
.8	بخاری شریف میں موجود سیدنا امیر معاویہ رضی اللہُ عنہ کی روایات کا جائزہ	صحیح بخاری شریف کا تعارف، سیدنا امیر معاویہ رضی اللہُ عنہ کی سیرت، بخاری شریف میں آپ کی روایات کا جائزہ۔
.9	امام اعظم رحمۃُ اللہِ علیہ اور وحدانیات و ثنائیات (ایک تحقیقی جائزہ)	امام اعظم رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، آپ کی کتب کا تعارف، آپ کی روایاتِ وحدانیات و ثنائیات کی تعداد اور ان کی تفصیل۔
10	دعوتِ اسلامی کے تحت ہونے والے "تخصص فی الحدیث" کا تعارفی جائزہ	تخصص فی الحدیث کا تعارف، اہمیت، افادیت، مقاصد، اہداف، نصابی کتب کا جائزہ، مطالعاتی کتب کا جائزہ، اندازِ تدریب، تخصص فی الحدیث میں ہونے والے تحقیقی کاموں کا جائزہ۔
11	صحاح ستہ اور اسماء الرجال (امام ذہبی رحمۃُ اللہِ علیہ کے تحقیقی کام کا جائزہ)	صحاح ستہ اور اسماء الرجال کا تعارف، امام ذہبی کا تعارف، ان کے تحقیقی کاموں کی تفصیل اور خصوصیات۔
12	امام ابو یوسف رحمۃُ اللہِ علیہ اور علمِ حدیث (ایک تحقیقی مطالعہ)	امام ابو یوسف رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، حیات و خدمات، علمِ حدیث کا تعارف، امام ابو یوسف رحمۃُ اللہِ علیہ کا علمِ حدیث میں مقام و مرتبہ، حدیثی خدمات۔
13	مقدمہ ابن الصلاح پر ہونے والے عربی کام کا تفصیلی جائزہ	امام ابن الصلاح کا تعارف، مقدمہ ابن الصلاح کا تعارف، اس پر لکھی گئی منظومات، مختصرات، مستدرکات و شروحات کا تعارف۔

14	امام احمد رضاخان رحمۃ اللہ علیہ اور علمِ اسماء الرجال (ایک تحقیقی مطالعہ)	امام احمد رضاخان رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف، علمِ اسماء الرجال کا تعارف، اسماء الرجال کے مشہور ائمہ اور اعلیٰ حضرت کے علمِ اسماء الرجال پر تحقیقی کام کا جائزہ۔
15	المستدرک للحاکم کا منہج و اسلوب (ایک مطالعاتی جائزہ)	کتبِ مستدرک کی تعریف، امام حاکم کا تعارف، امام حاکم کا المستدرک میں منہج و اسلوب تحقیقی جائزہ۔
16	مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ کی حدیثی خدمات (ایک تحقیقی مطالعہ)	مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ کے حالاتِ زندگی، آپ کا علمی مقام و مرتبہ، آپ کی تصانیف، علمِ حدیث پر مفتی احمد یار خان نعیمی کے تحقیقی کام کا جائزہ۔
17	اربعینِ نووی اور اس کی عربی شروحات کا تعارفی جائزہ	امام نووی رحمۃ اللہ علیہ کے حالاتِ زندگی، اربعینِ نووی کی اہمیت و افادیت، اس کی شروحات کا تعارف و جائزہ۔
18	حدیثِ "لولاك" کی حجیت اور اس پر وارد اعتراضات کا علمی جائزہ	حدیثِ لولاک کا تعارف، مختلف کتبِ حدیث سے اس کی تخریج، اس کی سندی حیثیت پر کلام، اس پر وارد اعتراضات اور ان کے جوابات۔
19	شمائلِ ترمذی اور اس کی شروحات کا تعارفی جائزہ	شمائلِ ترمذی کا تعارف، امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف، شمائل پر لکھی جانے والی شروحات اور ان کا اسلوب۔
20	کتبِ ترغیب و ترہیب کا تعارفی جائزہ	کتبِ ترغیب و ترہیب کا تعارف، ان کے مصنفین کا تعارف، کتبِ ترغیب و ترہیب کا اسلوب و منہج۔

السيرة النبوية

#	العنوان	نموذج الهدف
1.	حضور صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے تبلیغِ دین میں دلجوئی کے واقعات کا اشاعتِ اسلام میں اثر	تبلیغ کا لغوی و اصطلاحی مفہوم، قرآن و سنت کی روشنی میں احکامِ تبلیغ، دلجوئی کی ضرورت اور اہمیت، کتبِ سیرت سے دلجوئی کے واقعات۔
2.	نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی خارجہ پالیسی کا عملی جائزہ	خارجہ پالیسی کا تعارف، قرآن و سنت کی روشنی میں خارجہ پالیسی کی ضرورت و اہمیت، خارجہ پالیسی کے مقاصد، نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے خارجہ پالیسی کے واقعات۔
3.	تربیتِ اطفال سیرتُ النبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی روشنی میں (ایک تحقیقی جائزہ)	تربیت کا تعارف و مفہوم، قرآن و سنت کی روشنی میں تربیتِ اطفال کی ضرورت و اہمیت، بچوں کی تربیت کے سیرت النبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم سے واقعات۔
4.	سیرت النبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی مضمون نگاری میں ماہنامہ فیضان مدینہ کا کردار	سیرت کا لغوی و اصطلاحی معنی، سیرت النبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا آغاز و ارتقاء، امہات کتبِ سیرت کا مختصر تعارف، دعوت اسلامی کا تعارف، مکتبۃ المدینہ کا تعارف، ماہنامہ فیضان مدینہ کا آغاز و ارتقاء، ماہنامہ میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی مضمون نگاری کی فہرست، منتخب مضامینِ سیرت۔
5.	نام کا شخصیت پر اثر اور نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے تبدیلیٔ نام کے واقعات	نام رکھنے کی ضرورت و اہمیت، اچھے نام رکھنے کی برکات، اسمِ محمد کی برکتیں، برے القابات کی مذمت، نام رکھنے کے احکام، سیرت النبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم میں تبدیلیٔ نام کے واقعات۔

.6	طبقات ابن سعد کا اختصاصی مطالعہ	طبقات ابن سعد کا تعارف، مصنف کا تعارف، طبقات ابن سعد کا دیگر کتبِ تاریخ کے مقابلے امتیازی مقام ومرتبہ، کتاب کا منہج واسلوب، خصوصیات۔

التاريخ الإسلامي

#	العنوان	نموذج الهدف
.1	تاریخ اسلامی اور امہات کتبِ تاریخ (ایک تعارفی جائزہ)	علمِ تاریخ کا تعارف، تاریخِ اسلامی کی ضرورت و اہمیت، تاریخ و حدیث میں فرق، تاریخ الامم والملوک (محمد بن جریر طبری)، تاریخِ ابن خلدون (عبد الرحمٰن بن خلدون)، الکامل فی التاریخ (ابو الحسن علی بن عبد الکریم)، التاریخ الخمیس (حسین بن محمود دیار بکری)، تاریخ دمشق کبیر (ابو القاسم علی بن حسین المعروف ابن عساکر) وغیرہ امہات کتبِ تاریخ کا تعارف، امہات کتبِ تاریخ کی مضمون نگاری وغیرہ۔

التصوف وما يتعلق به

#	العنوان	نموذج الهدف
.1	رؤیت باری تعالیٰ سے متعلق صوفیائے کرام رحمۃُ اللہِ علیہم کے اختلاف کا جائزہ	رؤیتِ باری کا اثبات قرآن سے، رؤیتِ باری کا انکار قرآن سے، رؤیتِ باری احادیث کے تناظر میں، دنیا میں امکانِ رؤیتِ باری کا جائزہ، آخرت میں رؤیتِ باری کی کیفیت، خواب میں رؤیتِ باری کی حقیقت وغیرہ، رؤیتِ باری سے متعلق صوفیائے کرام رحمۃُ اللہِ علیہم کا موقف۔
.2	مُکاشفۃ القلوب کا انسانی کردار سازی میں کردار	کردار سازی کا مفہوم، مُکاشفۃ القلوب کا اسلوب، امام غزالی رحمۃُ اللہِ علیہ اور کردار سازی، مُکاشفۃ القلوب کا کردار سازی میں عملی کردار۔
.3	کیمیائے سعادت کا منہج واسلوب (ایک تحقیقی جائزہ)	کیمیائے سعادت کا تعارف، مصنف کا تعارف، کیمیائے سعادت کا دیگر کتبِ تصوف کے مقابلے امتیازی مقام واہمیت، کتاب کا منہج واسلوب، کتاب میں موجود مضامین، نتائج و ثمرات۔
.4	فتاویٰ رضویہ کی صوفیانہ مباحث (ایک تحقیقی مطالعہ)	فتاویٰ رضویہ کا تعارف، مصنف کا تعارف، فتاویٰ رضویہ کا دیگر اردو فتاویٰ جات کے مقابلے امتیازی مقام واہمیت، فتاویٰ رضویہ میں موجود صوفیانہ مباحث کا تحقیقی مطالعہ۔

القضايا المعاصرة

#	العنوان	نموذج الهدف
.1	زوالِ امتِ مسلمہ کے اسباب (21ویں صدی کے حالات کے تناظر میں)	تاریخ اسلام میں امت مسلمہ کا عروج وزوال، لالچ وحوس اور مسلمان، سوشل والیکٹرانک میڈیا کا غلط استعمال، سیکولرازم ولبرل ازم کا تعارف اور اسلام مخالف سرگرمیوں کا جائزہ۔

التراجم والطبقات

#	العنوان	نموذج الهدف
1.	امام مسلم رحمۃُ اللہِ علیہ کے حنفی شیوخ	امام مسلم رحمۃُ اللہِ علیہ کی حیات، امام مسلم کی دیگر کتب کا تعارف، آپ کے حنفی شیوخ کا تعارف۔
2.	حنفی محدثین اور ان کی خدماتِ حدیث (تیسری صدی ہجری کے تناظر میں)	تعارفِ علمِ حدیث، تدوینِ حدیث کے مراحل، تیسری صدی ہجری کے حنفی محدثین کا تعارف، ان کی خدماتِ حدیث۔
3.	حنفی محدثین اور ان کی خدماتِ حدیث (چوتھی صدی ہجری کے تناظر میں)	تعارفِ علمِ حدیث، تدوینِ حدیث کے مراحل، چوتھی صدی ہجری کے حنفی محدثین کا تعارف، ان کی خدماتِ حدیث۔
4.	حنفی محدثین اور ان کی خدماتِ حدیث (پانچویں صدی ہجری کے تناظر میں)	تعارفِ علمِ حدیث، تدوینِ حدیث کے مراحل، پانچویں صدی ہجری کے حنفی محدثین کا تعارف، ان کی خدماتِ حدیث۔
5.	حنفی محدثین اور ان کی خدماتِ حدیث (چھٹی صدی ہجری کے تناظر میں)	تعارفِ علمِ حدیث، تدوینِ حدیث کے مراحل، چھٹی صدی ہجری کے حنفی محدثین کا تعارف، ان کی خدماتِ حدیث۔
6.	حنفی محدثین اور ان کی خدماتِ حدیث (ساتویں صدی ہجری کے تناظر میں)	تعارفِ علمِ حدیث، تدوینِ حدیث کے مراحل، ساتویں صدی ہجری کے حنفی محدثین کا تعارف، ان کی خدماتِ حدیث۔
7.	شروحاتِ بخاری کا تقابلی جائزہ (امام قسطلانی اور علامہ بدر الدین عینی رحمۃُ اللہِ علیہما کی شروحات کے تناظر میں)	امام قسطلانی اور علامہ بدر الدین عینی رحمۃُ اللہِ علیہما کا تعارف، دونوں کی شروحات کا تعارف، ان شروحات کا منہج واسلوب اور آپس میں تقابلی جائزہ (مشترکات ومنفردات)۔
8.	مفتی اقبال سعیدی رحمۃُ اللہِ علیہ کی حدیثی خدمات	مفتی اقبال سعیدی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، ان کی کتبِ حدیث کا تعارف، منہج واسلوب۔
9.	شیوخِ بخاری رحمۃُ اللہِ علیہم کا تعارف (کتاب الصلوۃ میں مذکور شیوخ کا اختصاصی مطالعہ)	شیوخِ بخاری کا تعارف، ان کی مختلف طبقات میں تقسیم، کتاب العلم میں مذکور شیوخِ بخاری میں سے 4 شیوخ کے احوال، علمِ حدیث میں خدمات اور طبقاتِ راویانِ بخاری میں ان کا طبقہ۔
10	حلیۃ الاولیاء میں اخلاقیات کا بیان (پہلی جلد کا مطالعاتی جائزہ)	حلیۃ الاولیاء کا تعارف، مصنف کا تعارف، مصنف کا مقام ومرتبہ، مصنف کی دیگر تصنیفات، کتاب کا منہج واسلوب، پہلی جلد میں موجود اخلاقیات کا بیان۔
11	علامہ علی قاری حنفی رحمۃُ اللہِ علیہ اور کلامی خدمات (ایک اختصاصی مطالعہ)	علامہ علی قاری رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، آپ کی کتبِ احادیث میں موجود کلامی مباحث، ان مباحث میں علامی علی قاری کا منہج واسلوب۔
12	مفتی اعظم ہند مصطفیٰ رضا خان رحمۃُ اللہِ علیہ کی دینی خدمات (ایک تحقیقی مطالعہ)	مفتی اعظم ہند رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، دینی خدمات اور تصانیف کا تعارف، آپ کی دینی خدمات کا خصوصی مطالعہ۔

13	اشاعتِ اسلام میں صوفیاء کا کردار (چوتھی صدی ہجری میں)	چوتھی صدی ہجری کے صوفیائے کرام کا تعارف، برصغیر کے مشہور صوفیائے کرام، برصغیر میں اسلام کی اشاعت، آغاز، اسباب، خانقاہوں کا قیام، مدارس کا قیام، تحریر کے ذریعے اشاعتِ اسلام۔
14	اشاعتِ اسلام میں صوفیاء کا کردار (پانچویں صدی ہجری میں)	پانچویں صدی ہجری کے صوفیائے کرام کا تعارف، برصغیر کے مشہور صوفیائے کرام، برصغیر میں اسلام کی اشاعت، آغاز، اسباب، خانقاہوں کا قیام، مدارس کا قیام، تحریر کے ذریعے اشاعتِ اسلام۔
15	اشاعتِ اسلام میں صوفیاء کا کردار (چھٹی صدی ہجری میں)	چھٹی صدی ہجری میں صوفیائے کرام کا تعارف، برصغیر کے مشہور صوفیائے کرام، برصغیر میں اسلام کی اشاعت، آغاز، اسباب، خانقاہوں کا قیام، مدارس کا قیام، تحریر کے ذریعے اشاعتِ اسلام۔
16	اشاعتِ اسلام میں صوفیاء کا کردار (ساتویں صدی ہجری میں)	ساتویں صدی ہجری کے صوفیائے کرام کا تعارف، برصغیر کے مشہور صوفیائے کرام، برصغیر میں اسلام کی اشاعت، آغاز، اسباب، خانقاہوں کا قیام، مدارس کا قیام، تحریر کے ذریعے اشاعتِ اسلام۔
17	مولانا سید سلیمان اشرف بہاری رحمۃُ اللہِ علیہ کی دینی خدمات (ایک تحقیقی مطالعہ)	مولانا سید سلیمان اشرف بہاری رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، دینی و تصنیفی خدمات کا جائزہ۔
18	حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خان رحمۃُ اللہِ علیہ کی دینی خدمات (ایک تحقیقی مطالعہ)	حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خان رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، دینی و تصنیفی خدمات کا جائزہ۔
19	مولانا حسن رضا خان رحمۃُ اللہِ علیہ کی تصنیفی خدمات (ایک تحقیقی مطالعہ)	مولانا حسن رضا خان رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، حیات و دینی خدمات، تصنیفی خدمات۔
20	صدر الافاضل رحمۃُ اللہِ علیہ کی کلامی خدمات (ایک تحقیقی مطالعہ)	صدر الافاضل سید محمد نعیم الدین مرادآبادی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، حیات و خدمات، آپ کی تصانیف میں کلامی مباحث، کلامی مباحث میں منہج و اسلوب۔
21	مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃُ اللہِ علیہ کی کلامی خدمات (ایک تحقیقی مطالعہ)	صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، حیات و خدمات، آپ کی تصانیف میں کلامی مباحث، کلامی مباحث میں منہج و اسلوب۔
22	علامہ عمر اچھروی رحمۃُ اللہِ علیہ کی دینی خدمات (ایک تحقیقی مطالعہ)	علامہ عمر اچھروی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، تصنیفی اور دینی خدمات۔
23	مفتی احمد یار خان نعیمی اور مفتی امجد علی اعظمی رحمۃُ اللہِ علیہما کی فقہی خدمات	دونوں علماء کا تعارف، ان کی فقہی خدمات، ان کی فقہی کتب کا تعارف، ان کے فقہی موضوعات کا تقابلی جائزہ۔
24	علامہ ارشد القادری رحمۃُ اللہِ علیہ کی تصنیفی خدمات (ایک تحقیقی مطالعہ)	علامہ ارشد القادری رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، حیات و دینی خدمات، تصنیفی خدمات۔
25	حضرت تاج الشریعہ رحمۃُ اللہِ علیہ کی تصنیفی خدمات (ایک تحقیقی مطالعہ)	حضرت تاج الشریعہ رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، حیات و دینی خدمات، تصنیفی خدمات۔
26	مولانا منظور احمد فیضی رحمۃُ اللہِ علیہ کی	مولانا منظور احمد فیضی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، حیات و دینی خدمات، تصنیفی خدمات، کتاب "مقام

	کتاب "مقامِ رسول" کا تعارفی جائزہ	رسول" کا تعارفی جائزہ۔
27	علامہ حسن رضا خان رحمۃُ اللہِ علیہ کی نعتیہ شاعری کی خصوصیات (ایک تحقیقی مطالعہ)	علامہ حسن رضا خان رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، حیات و دینی خدمات، نعتیہ شاعری کی خصوصیات۔
28	امام احمد رضا خان رحمۃُ اللہِ علیہ اور علومِ عقلیہ	امام احمد رضا خان رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، حیات و دینی خدمات، علومِ عقلیہ میں مہارت آپ کی تصنیفات کی روشنی میں۔
29	حدائقِ بخشش میں تلمیحاتِ قرآنی وحدیثی (ایک اختصاصی مطالعہ)	حدائقِ بخشش کا تعارف، تلمیح کا لغوی و اصطلاحی مفہوم، حدائقِ بخشش میں تلمیحاتِ قرآنی وحدیثی کی نشاندہی اور توضیح۔
30	علامہ سیوطی رحمۃُ اللہِ علیہ اور احادیثِ موضوعہ	علامہ سیوطی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، حیات و دینی خدمات، علامہ سیوطی کی احادیثِ موضوعہ کی تحقیق پر لکھی گئی کتب کا تعارف و تجزیہ۔
31	علامہ پرہاروی رحمۃُ اللہِ علیہ کی کلامی خدمات (نبراس اور مرام الکلام کی روشنی میں)	علامہ پرہاروی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، حیات و دینی خدمات، نبراس اور مرام الکلام کی روشنی میں کلامی خدمات۔
32	حافظ ولی اللہ لاہوری رحمۃُ اللہِ علیہ کی ردِ عیسائیت میں خدمات	حافظ ولی اللہ لاہوری رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، حیات و دینی خدمات، ردِ عیسائیت میں خدمات۔
33	فتاویٰ رضویہ کے مجروحین وممدوحین اعلام کی جمع وتدوین اور ان کا مختصر تعارف	فتاویٰ رضویہ کا تعارف، مصنف کا تعارف، فتاویٰ رضویہ کے مجروحین وممدوحین کی جمع وتدوین، ان شخصیات کا مختصر تعارف۔

العقيدة والكلام

#	العنوان	نموذج الهدف
.1	تیرہویں صدی ہجری کے متکلمین کا تعارف	علم الکلام کی تعریف، اغراض، فوائد و ثمرات، گیارہویں صدی ہجری میں ہونے والے علم الکلام کا جائزہ، تیرہویں صدی کے مشہور متکلمین اور ان کی کلامی خدمات۔
.2	چودھویں صدی ہجری کے متکلمین کا تعارف	علم الکلام کی تعریف، اغراض، فوائد و ثمرات، بارہویں صدی ہجری میں ہونے والے علم الکلام کا جائزہ، چودھویں صدی کے مشہور متکلمین اور ان کی کلامی خدمات۔
.3	الاعتماد علی الاعتقاد کا تعارفی مطالعہ	کتاب کا تعارف، مصنف کا تعارف، علمِ کلام کی دیگر کتب کے مقابلے امتیازی مقام و مرتبہ، کتاب کا منہج واسلوب، کتاب کی فنی حیثیت۔
.4	کتاب التوحید للامام ماتریدی کا تعارفی مطالعہ	کتاب کا تعارف، مصنف کا تعارف، علمِ کلام کی دیگر کتب کے مقابلے امتیازی مقام و مرتبہ، کتاب کا منہج واسلوب، کتاب کی فنی حیثیت۔
.5	ملائکہ کو تفویض کیے گئے امور پر تحلیلی جائزہ	ملائکہ کا تعارف، عصمتِ ملائکہ، ملائکہ کے متعلق عقائد، ملائکہ کون کون سے امور سرانجام دیتے ہیں؟

الفقه وأصول الفقه

#	العنوان	نموذج الهدف
.1	آن لائن کاروبار شریعت کی روشنی میں	آن لائن کاروبار کے مروجہ طریقے، ان کی شرعی حیثیت فقہ حنفی کی روشنی میں۔
.2	ذخیرہ اندوزی کی شرعی حیثیت	اِحتکار کا لغوی و اصطلاحی معنی اور اطلاق، ذخیرہ اندوزی کی مختلف صورتیں اور ان کے احکام، ذخیرہ اندوزی کی ممانعت کے شرعی دلائل، معاشرتی نقصانات۔
.3	نماز کے مکروہات (ایک علمی مطالعہ)	نماز کی اہمیت قرآن و حدیث کی روشنی میں، مکروہاتِ نماز کے حکم کی تعیین۔
.4	روزے کے جدید مسائل	روزہ کا لغوی و اصطلاحی معنی، روزہ رکھنے کی شرعی و طبی اہمیت، روزہ کے چند جدید مسائل فقہ حنفی کی روشنی میں۔
.5	فضائل و مسائل اعتکاف (ایک اختصاصی مطالعہ)	اعتکاف کا لغوی و شرعی معنی و مقاصد، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہُ عنہم کے اعتکاف کرنے کی کیفیت و حکمت، دس روزہ اعتکاف کی طرف رجحان، تیس روزہ اعتکاف کا آغاز، دعوت اسلامی کا تعارف، تیس روزہ اعتکاف کے ثمرات و اصلاحِ امت کی مثالیں۔
.6	یکبارگی طلاقِ ثلاثہ کا شرعی حکم	طلاق کا لغوی و شرعی معنی، اقسام، طلاق کے شرعی احکام، یکبارگی طلاقِ ثلاثہ کا شرعی حکم مع دلائل، اعتراضات کے جوابات۔
.7	احکامِ طلاق کی حکمتیں	اسلامی تعلیمات کے عمومی مقاصد، طلاق کے احکام اور ان کی حکمتیں۔
.8	اسلام کے تجارتی احکامات کی حکمتیں	احکامِ اسلام کے عمومی مقاصد کا مختصر بیان، تجارتی احکام میں موجود حکمتوں کا بیان۔
.9	شرعی حدود (ایک مطالعاتی جائزہ)	حدودِ شرعیہ کی اقسام و اسباب، احکام اور نفاذ کا طریقہ کار مع دلائل۔
10	تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق (ایک تجزیاتی مطالعہ)	کنز الدقائق و تبیین الحقائق کا تعارف، مصنفین کا تعارف، تبیین الحقائق کا منہج و اسلوب، دیگر کتبِ فقہ کے مقابلے امتیازی مقام و خصوصیات۔
11	الدرایۃ و نصب الرایۃ کا تقابلی مطالعہ	الدرایۃ و نصب الرایۃ کا تعارف، مصنفین کا تعارف، دونوں کتب کا منہج و اسلوب، خصوصیات، تقابلی مطالعہ۔
12	مسائلِ وراثت (قرآن و سنت کی روشنی میں)	علمِ میراث کا تعارف، سیکھنے کی ضرورت و اہمیت، عدمِ واقفیت کے نقصانات، مسائلِ وراثت قرآن و سنت کی روشنی میں۔
13	بیع و شراء کے اسلامی اصول و ضوابط	بیع و شراء کی تعریف، اقسام، شرعی احکام قرآن و سنت کی روشنی میں۔
14	اجماعِ امت کی شرعی حیثیت	اجماع کا تعارف و اقسام، حجیتِ اجماع کے دلائل قرآنِ پاک اور احادیثِ طیبہ سے۔
15	اصولِ فقہ کے "عام و خاص" کی شرعی حیثیت	عام و خاص کی تعریف و اقسام، مثالیں، قرآن و سنت سے عام و خاص کا حکم مع اختلاف و دلائل۔
16	علمِ اصولِ فقہ (ایک تعارفی مطالعہ)	علمِ اصولِ فقہ کا تعارف، تاریخ و تدوین، اہم مباحث کا خلاصہ۔

17	فقہاء کرام کے اصولِ حدیث	علمِ اصولِ حدیث کا تعارف، اصولِ حدیث میں فقہاء و محدثین کی آراء کا تقابلی مطالعہ، فقہاء کے اصولِ حدیث کتبِ اصولِ فقہ کی روشنی میں۔
18	احکامِ شرع میں نرمی پیدا کرنے والے اسبابِ ستہ کا تعارف	اسبابِ ستہ کا تعارف، امثلہ، احکام و اطلاقات۔
19	تقلید کی شرعی حیثیت	تقلید کا معنی و مفہوم، تقلید کی اقسام و احکام، تقلیدِ عرفی کی حجیت پر قرآن و حدیث اور اقوالِ ائمہ سے دلائل، تقلید پر اعتراضات کے جوابات۔
20	مقاصدِ شریعت (ایک معلوماتی مطالعہ)	دینِ اسلام کی تعلیمات کی ابدیت و آفاقیت کا بیان، مقاصدِ شریعت کا تعارف۔
21	سود کی مروجہ صورتوں کا بیان	سود کی شرعی تعریف، احکام، قرآن و حدیث میں وارد مذمت، مروجہ صورتوں کا بیان۔

مقارنة الأديان

#	العنوان	نموذج الهدف
1.	اہلِ کتاب (مسلم، یہود، عیسائیت) کا تصورِ نسخ	نسخ کا لغوی و شرعی معنی، نسخ کے بارے میں اہلِ کتاب کا اختلاف، مسلمانوں کے تصورِ نسخ کی توضیح و دلائل، یہودیوں کا تصورِ نسخ، عیسائیوں کا تصورِ نسخ، یہودیوں اور عیسائیوں کے تصورِ نسخ کا بطلان۔
2.	قرآنِ پاک میں مشرکین کے نظریات اور ان کے جوابات	شرک کا لغوی و اصطلاحی معنی، شرک کی اقسام، مشرکین کے نظریات، قرآن میں مشرکین کے نظریات کا رد، مشرکین کا رد کرنے میں قرآنی اسلوب۔
3.	فلسفہ جہادِ اسلامی	جہاد کا لغوی و اصطلاحی معنی، جہاد کی فرضیت کی مختلف صورتیں، کس پر کب جہاد فرض ہوتا ہے؟، اسلامی جہاد کی امتیازی حیثیت، فرضیتِ جہاد کا فلسفہ و حکمت۔
4.	آسمانی کتب میں حضور صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا مبارک تذکرہ (ایک اختصاصی مطالعہ)	قرآن کے علاوہ آسمانی کتب کا تعارف، ان میں کی گئی تحریفات کی نوعیت کا بیان، آسمانی کتب میں کی گئی تحریفات کے بعد ان کے مشمولات پر یقین کرنے یا نہ کرنے کے حوالے سے اسلامی تعلیمات، پچھلے انبیاء کرام علیہم السلام کا نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی آمد کی خبریں دینا، آسمانی کتب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی بعثت کے تذکرے۔
5.	ردِ الحاد جدید پر کتب کا تعارف	الحاد کا لغوی و اصطلاحی معنی، الحادِ جدید کی مختلف صورتوں کی وضاحت، الحادِ قدیم و جدید میں مابہ الافتراق ومابہ الاتفاق کی صورتیں، الحادِ جدید کے رد پر لکھی گئی کتب کا تعارف۔

المدارس الإسلامية

#	العنوان	نموذج الهدف
1.	مدارسِ اسلامیہ کی معاشرتی خدمات کا جائزہ	مدارسِ اسلامیہ کی بنیاد، نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے زمانہ اقدس سے موجودہ دور تک مدارسِ اسلامیہ کے مختلف ادوار کا جائزہ، معاشرتی خدمات کا جائزہ۔

.2	مدرسۃ الحدیث پیلی بھیت کی علمی خدمات کا جائزہ	مدرسۃ الحدیث پیلی بھیت کا تعارف، قیام، مؤسس کا تعارف، مدرسۃ الحدیث پیلی بھیت کی کی گئی علمی خدمات کا ایک جائزہ۔
.3	برصغیر کے مدارس کا ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں کردار	برصغیر میں مدارسِ اسلامیہ کا قیام، اٹھارویں صدی عیسوی میں برصغیر کے مدارس کی افراد سازی، ۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی میں مدارس کا کردار۔
.4	فارغینِ جامعات المدینہ کراچی کی علمی خدمات کا جائزہ	جامعۃ المدینہ کا تعارف، قیام، مؤسس کا تعارف، دینی علمی خدمات میں جامعات المدینہ کراچی کے فارغین کا کردار۔
.5	منظر الاسلام بریلی شریف کا تعارف، تاسیس اور کردار	جامعہ منظر الاسلام بریلی شریف کا تعارف، قیام، مؤسس کا تعارف، دینی وملی خدمات میں جامعہ منظر الاسلام کا کردار (قیام سے لے کر موجودہ دور تک)۔
.6	جامعہ اشرفیہ مبارک پور اور جامعۃ الازہر مصر کے نصاب کا تقابلی مطالعہ	دونوں جامعات کا تعارف، دونوں جامعات میں رائج مختلف کورسز کا تعارف، دونوں جامعات میں رائج نصاب کا تقابلی جائزہ (خوبیاں وخامیاں اصولِ نصاب سازی کی روشنی میں)۔
.7	انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد اور جامعۃ المدینہ کے تخصص فی الحدیث کے نصاب کا تقابلی جائزہ	انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد کا تعارف، جامعۃ المدینہ کا تعارف، جامعۃ المدینہ کے شعبہ تخصصات کا تعارف، اسلامک یونیورسٹی اور جامعۃ المدینہ کے تخصص فی الحدیث کے نصاب کا تقابلی جائزہ (اصولِ نصاب سازی کی روشنی میں)۔
.8	مدارسِ اسلامیہ کی دعوتی خدمات برصغیر کے حوالے سے	برصغیر میں مدارسِ اسلامیہ کا قیام، برصغیر میں اشاعتِ اسلام میں مدارسِ اسلامیہ کی دعوتی خدمات کا تحقیقی جائزہ۔

الفتن الملاحم

#	العنوان	نموذج الھدف
.1	فتنہ دجال کا تعارف	دجال کا تعارف، احادیث میں فتنہ دجال کی خبریں، احادیث میں موجود دجال کی نشانیاں،
.2	شرحِ حدیثِ نجد (سند، متن، تخریج اور نجد کے مصداقات، شکوک وشبہات کا ازالہ)	حدیثِ نجد کی سند کا دراسہ، تخریج، نجد کے مصداقات کی وضاحت ائمہ کے اقوال کی روشنی میں، ان مصداقات کے متعلق شکوک وشبہات کا ازالہ۔
.3	فتنہ خوارج کا تعارف	خوارج کا تعارف، ابتداء، عقائد، ان کی کاروائیوں کی تاریخ، موجودہ دور میں اس فتنے کی صورتیں۔
.4	قربِ قیامت کے فتنوں کا بیان (بالخصوص ان کا جن کا نام لے کر نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے پناہ طلب فرمائی)	ان احادیث کا ذکر جن میں آنے والے مختلف فتنوں کی خبر دی گئی، خاص ان فتنوں کا بیان جن کا نام لے کر نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے پناہ طلب کی۔
.5	کتاب الفتن سننِ ابی داود کا جائزہ	سننِ ابی داود کا تعارف، مصنف کا تعارف، کتبِ حدیث میں سننِ ابی داود کا مقام، سننِ ابی داود کی "کتاب الفتن" کا تفصیلی جائزہ۔

.6	فتنہ نواصب کا تعارف	نواصب کا تعارف، ابتداء، عقائد، ان کی کاروائیوں کی تاریخ، موجودہ دور میں اس فتنے کی صورتیں۔
.7	اعلیٰ حضرت کے رسالہ مطلع القمرین کی تلخیص کے ضمن میں تفضیلِ شیخین کے دلائل کا خلاصہ	مطلع القمرین کا تعارف، مصنف کا تعارف، مطلع القمرین کی تلخیص کے ضمن میں تفضیلِ شیخین کے دلائل کا خلاصہ۔
.8	موجودہ دور میں حدیث پاک "ما انا علیہ واصحابی" کا مصداق کون؟	حدیث "ما انا علیہ واصحابی" کی سندی حیثیت، اس کے مختلف طرق و الفاظ، اس کی توضیح و تشریح، موجودہ دور میں "ما انا علیہ واصحابی" کا مصداق کون؟۔
.9	کتبِ حدیث میں الحاقات اور تحریفات کا جائزہ	امہات کتبِ حدیث کا تعارف، ائمہ محدثین کی تصنیفاتِ حدیث، الحاق و تحریف کی پہچان کے طریقے، کتبِ حدیث میں ہوئے الحاقات اور تحریفات کا جائزہ۔
.10	کتبِ تصوف میں الحاقات اور تحریفات کا جائزہ	امہات کتبِ تصوف کا تعارف، اکابر صوفیاء کرام کی تصنیفات، الحاق و تحریف کی پہچان کے طریقے، کتبِ تصوف میں ہوئے الحاقات اور تحریفات کا جائزہ۔

المتفرقات

#	العنوان	نموذج الهدف
.1	مولانا عبد الحی لکھنوی کے حاشیہ مؤطا امام محمد کا تفصیلی جائزہ	مؤطا امام محمد کا تعارف، مصنف کا تعارف، مؤطا امام محمد کی شروح و حواشی کا تعارف، علامہ عبد الحی لکھنوی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، حاشیہ لکھنوی کا تفصیلی جائزہ۔
.2	گزشتہ صدی میں علماءِ اہلسنت کی خدماتِ حدیث کا جائزہ	گزشتہ صدی کے مشہور محدثین کا تعارف، علمِ حدیث میں کی گئی ان محدثین کی خدمات علمیہ کا تفصیلی جائزہ۔
.3	اورنگزیب عالمگیر کی دینی خدمات	شہنشاہِ ہند اورنگزیب عالمگیر کا تعارف، سوانحِ حیات، اورنگزیب عالمگیر کی دینی خدمات۔
.4	اسلامی نظریاتی کونسل کے مقاصد (قیام سے لے کر اب تک کا جائزہ)	اسلامی نظریاتی کونسل کا تعارف، قیام و مقاصد، قیام سے لے کر موجودہ دور تک اس کی فعالیت کا تفصیلی جائزہ، نتائج۔
.5	مخطوطات پر تحقیق و تخریج کی اہمیت وضرورت	تحقیق و تخریج کے لغوی و اصطلاحی معانی، تحقیق و تخریج کے مختلف مناہج، اسلامی مخطوطات پر تحقیق و تخریج کی اہمیت وضرورت۔
.6	فنِ تخریج میں جدید ذرائع کا استعمال اور احتیاطیں	تخریج کی لغوی و اصطلاحی تعریف، فنِ تخریج کی ابتداء، فنِ تخریج کا موجد، دورِ حاضر میں تخریج کے لئے استعمال کئے جانے والے جدید ذرائع کا تعارف، استعمال اور احتیاطیں۔
.7	دورِ حاضر میں تخریج و ترجمہ کے معیارات	تخریج کی لغوی و اصطلاحی تعریف، اصولِ تخریج، دورِ حاضر میں تخریج کا معیار مع امثلہ، ترجمہ کی لغوی و اصطلاحی تعریف، اصولِ ترجمہ، دورِ حاضر میں ترجمہ کا معیار مع امثلہ۔
.8	کنز المدارس بورڈ کا قیام، منصوبہ جات، اہداف اور خدمات	کنز المدارس بورڈ کے قیام کے مقاصد، منصوبہ جات، ابھی تک کی گئی خدمات کا جائزہ، مستقبل کے اہداف۔

9.	قرونِ اولیٰ میں شعر و ادب کا ذوق	قرونِ اولیٰ سے کیا مراد؟، قرونِ اولیٰ میں شعر و ادب کا ذوق، قرونِ اولیٰ کے مشہور شعراء کا تعارف
10.	روحانی علاج اور معمولاتِ اولیاء کا تحقیقی جائزہ	علاج کا مفہوم، اقسامِ علاج، قرآن و سنت کی روشنی میں علاج کے احکام، روحانی علاج کی ضرورت واہمیت، روحانی علاج اور معمولاتِ اولیاء، تعویذاتِ عطاریہ کا کردار۔

تحقیقی مقالہ جات کی ہدایات واصول وضوابط

تحقیقی مقالات کا مقصد

مقالہ نگار میں علمی، فکری اور تحقیقی سوچ کی بیداری اور تحریری صلاحیتوں میں نکھار۔

محقق کی ذمہ داری

1. علمی دیانتداری اور دلچسپی سے تحقیق کریں۔
2. غیر مدلل آراء اور نقل سے اجتناب کریں۔
3. تحقیق کے اخلاقی اصولوں کی پاس داری کریں۔
4. اپنے تمام تر معاملات خود سے کریں کسی دوسرے پر انحصار ہرگز نہ کریں۔
5. محقق اگر اپنا مقالہ شائع کروانا چاہتا ہو تو وہ اشاعت سے قبل تحریری اجازت نامہ حاصل کرے۔

مقالے کی تحریر، کمپوزنگ اور رجسٹریشن کے اصول وضوابط

1. مقالہ کم از کم 100 صفحات پر مشتمل ہو۔
2. Word فائل میں کمپوز کیا جائے۔
3. کم از کم 80 صفحات لازمی طور پر صلبِ موضوع سے تعلق رکھتے ہوں۔
4. مقدمہ (تعارفِ موضوع، اہمیتِ موضوع، مقاصدِ تحقیق، اسباب انتخابِ موضوع، فرضیہ تحقیق، سابقہ تحقیقات کا جائزہ اور منہج تحقیق)، فہارس (ابواب وفصول، آیات، احادیث، اماکن، اعلام اور مصادر و مراجع) اور متفرق صفحات (تسمیہ و تحمید، اظہارِ تشکر، خلاصہ / نتائجِ بحث اور سفارشات) وغیرہ 80 صفحات کے علاوہ ہوں۔

   نوٹ: فہارس کا ٹیبل بنانا ضروری ہے۔
5. مقالہ کا سرورق (ٹائٹل پیج) درج ذیل ترتیب سے تیار کیا جائے:

   ☆عنوان مقالہ (30-32 فونٹ)

   ☆قوسین ( ) میں (البحث لنيل الشهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية "ماجستير") لکھا جائے۔

   ☆بورڈ کا مونوگرام (2×2) سائز میں۔

   ☆مونوگرام کے نیچے دائیں جانب مقالہ نگار کا نام مع عالمیہ اول کا رول نمبر۔

   ☆بائیں جانب نگران مقالہ کا نام مع عہدہ۔

   ☆آخر میں شعبۃ الامتحانات کا نام مع بورڈ کا نام ایک لائن میں تحریر کریں۔ مثال: **شعبۃ الامتحانات کنز المدارس بورڈ پاکستان**

   ☆جس ماہ میں مقالہ جمع کروانا ہے اس کا نام (قمری اور عیسوی دونوں اعتبار سے)۔
6. مشرف کی تصدیق میں تمام طلبہ کا فارمیٹ ایک ہونا ضروری ہے۔ صرف اور صرف اپنا اور مقالے کا نام تبدیل ہو گا۔
7. قرآنی آیات، احادیث اور اقوال کو تحقیقی رموز واوقاف میں تحریر کیا جائے۔ جیسے "تحقیق وتدوین کے اصول وضوابط" میں لکھا گیا ہے مثلاً قرآنی آیات کے لیے پھول دار بریکٹ ﴿ ﴾ کا استعمال کرنا، آیات کا ترجمہ کرنے کے لئے اول و آخر میں واوین " " لگانا، احادیثِ مبارکہ لکھنے کے لئے ڈبل بریکٹ «قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم» لگانا نیز اقوال یعنی اقتباسات کو لکھنے کے لئے تحقیقی طریقہ کار کو مدنظر

رکھتے ہوئے عبارت کے شروع اور آخر میں مقررہ فاصلہ (0.5) دے کر لکھنا نیز آیات، احادیث اور اقوال (جہاں عربی عبارات ہوں) کا عربی فونٹ (المصحف) مع اعراب کے ہونا ضروری ہے۔

8. کاغذ کا سائز 8.6×11.6انچ A4 ہو۔ جلد بندی کی طرف سے حاشیہ 1.25 انچ اور دوسری جانب کا 0.75 انچ ہو۔ اوپر اور نیچے کا حاشیہ ایک انچ ہو (حاشیہ کا مطلب ہوتا ہے کہ Layout کو اوپن کر کے Margins میں جا کر مذکورہ بالا ہدایات کے مطابق صفحہ کا سائز چاروں جانب سے ایڈجسٹ کر لینا، بعض طلبہ کرام اس سے مراد کاغذ پر لگانے والا حاشیہ سمجھ لیتے ہیں اور صفحہ کی چاروں جانب یہ حاشیہ لگاتے بھی ہیں جو کہ درست نہیں)۔

9. ہر صفحے پر نمبر درمیان میں اوپر کی طرف لکھا جائے (نمبر لکھنے کے لئے کسی بھی قسم کی بریکٹ یا کالم یا باکس کا استعمال ہر گز نہ کیا جائے بلکہ صرف سادہ انداز میں نمبر لکھا جائے مثلاً 26 وغیرہ)۔

10. حوالہ جات و حواشی سمیت فی صفحہ سطور کی تعداد 26۔24 ہونی چاہیے۔

مختلف عنوانات کا سائز درج ذیل ہے: ابواب کے عنوانات 30 تا 36 بولڈ فونٹ 30-36pt، فصول 24 بولڈ فونٹ 24pt، ذیلی عنوانات 18 بولڈ فونٹ 18pt، تحریر کا سائز اصل متن سولہ فونٹ 16pt اور حاشیہ 13 فونٹ 13pt پر مشتمل ہونا چاہیے۔

11. ہر باب متوازن فصول پر مشتمل ہو اور تمام ابواب کی فصول حجم و ضخامت میں مناسب و موزوں ہوں۔

12. جدید طرزِ تصنیف اپناتے ہوئے ہر باب کے آغاز میں پہلے ایک صفحہ پر جلی (بولڈ) حروف سے باب کا نام لکھا جائے۔ صفحہ کی عقبی جانب خالی چھوڑ دی جائے اور اگلے صفحہ (سامنے / بائیں جانب والے) سے تحریر کا آغاز کیا جائے (پرنٹ نکالتے وقت اس چیز کا بالخصوص اہتمام کیا جائے کہ صفحہ کی ایک جانب ہی پرنٹ نکالیں نہ کہ دونوں سائیڈ پر)۔

13. ذیلی عناوین صفحہ کے دائیں جانب جلی (بولڈ) حروف سے لکھیں۔

14. تحریر میں پیرا بندی اور رموزِ کتابت و علاماتِ وقف (،۔؟""!...) وغیرہ کا لحاظ رکھا جائے۔

15. اختتام پر اپنے اخذ کردہ نتائج اور اگر رائے میں "تفرد" ہو تو اس کا نمایاں اظہار ہو۔

16. حوالہ جات اور حواشی ہر صفحے کے نیچے (Footnote) کی صورت میں ہی دیئے جائیں۔

17. متن میں موجود ابہام کی وضاحت حاشیہ میں کی جائے یا قوس خاص [......](...) لگا کر اس کے درمیان لکھا جائے۔

18. حوالہ دیتے وقت پہلی جگہ مکمل حوالہ لکھا جائے۔ تقریباً تمام کتبِ حدیث مخرج و محقق دستیاب ہیں اس لیے حوالہ میں رقم الحدیث، باب و فصل کا تذکرہ بھی کر دیا جائے تا کہ متعلقہ طبع دستیاب نہ ہونے کی صورت میں بھی اصل متن تک رسائی ممکن ہو سکے۔ یاد رہے! حوالہ لکھتے وقت بہت احتیاط کریں کہ ممتحن آپ کے لکھے حوالہ جات کو چیک کریں گے، بے احتیاطی یا غلط حوالہ جات تحریر کرنے کی صورت میں دیانتِ علمی کے خلاف ہونے کے ساتھ ساتھ آپ امتحان میں ناکام قرار پائیں گے۔

کتبِ حدیث کے علاوہ دیگر کتب کا حوالہ دینے کا طریقہ

پہلی مرتبہ حوالہ: ابن کثیر، اسماعیل بن عمر بن کثیر، البدایہ والنہایہ، بیروت، مکتبۃ المعارف، 1990ء، ج13، ص80۔

دوبارہ حوالہ دیں تو شہر، مکتبہ اور سنِ اشاعت نہیں لکھنا: ابن کثیر، اسماعیل بن عمر بن کثیر، البدایہ والنہایہ، ج13، ص82۔

نوٹ: دو حوالہ جات ایک ہی جیسے ہوں تو دوسرے حوالہ کی جگہ ایضاً لکھا جائے گا۔

کتبِ حدیث کا حوالہ دینے کا طریقہ: قشیری، مسلم بن حجاج، صحیح مسلم، کتاب الطہارۃ، باب فضل الوضوء، رقم الحدیث:534۔

ابو داؤد، سلیمان بن اشعث، سنن ابی داؤد، کتاب الترجل، باب فی اصلاح الشعر، رقم الحدیث:4163

19. آیاتِ قرآنیہ میں سورۃ کا نام، نمبر، اس کے بعد آیت نمبر لکھیں مثلاً: سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 14 کو یوں لکھیں: (البقرہ2:14)

20. مصادر و مراجع کی فہرست بناتے وقت الف بائی ترتیب کا لازمی خیال رکھا جائے۔ یوں ہی اعلام و اماکن کی فہرست میں بھی اس کا التزام کیا جائے۔

21. ہر مقالہ نگار "نتیجہ از ممتحن" پُر فارم کاپی کر کے اپنے مقالے کے آغاز میں (ٹائٹل پیج سے بھی پہلے) لگائے، اس میں مطلوبہ کوائف کو امیدوار خود احتیاط سے درج کرے۔

22. الشہادۃ العالمیہ کا مقالہ رجسٹر ہونے کے بعد کسی بھی قسم کی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔

23. مقالہ جمع کروانے کی آخری تاریخ 01 شعبان المعظم ہے۔ مقالہ لکھنے کے بعد امیدوار اپنا مقالہ ادارے کے پرنسپل کو جمع کروائے اور پرنسپل صاحبان تمام امیدواران کے مقالہ جات کو ایک جگہ جمع کر کے شعبۃ الامتحانات کنزالمدارس بورڈ کو ڈاک کے ذریعے ارسال کریں۔

نوٹ: پرنسپل ادارہ کوئی بھی مقالہ جمع کرنے سے پہلے چیک کرلے کہ اس پر مشرف کے تصدیقی دستخط ہیں یا نہیں۔ اگر نہ ہو تو مقالہ جمع نہ کرے بلکہ امیدوار کو پابند کرے کہ وہ مشرف سے اس پر دستخط کروا کر جمع کروائے۔

نوٹ: مقالہ جات کی سافٹ کاپی شعبۃ الامتحانات کنزالمدارس بورڈ کے میل آئی ڈی پر میل کرنا لازم ہوگا، یہ کام پرنسپل ادارہ کے ذمہ ہوگا۔

پوسٹل ایڈریس برائے شعبۃ الامتحانات بوائز:	شعبۃ الامتحانات، کنز المدارس بورڈ، ایوب کالونی نمبر 1، گلی نمبر 4، سابقہ انمول ہسپتال، جھنگ روڈ، فیصل آباد
میل آئی ڈی برائے شعبۃ الامتحانات بوائز:	examination.male@kanz-ul-madaris.org
پوسٹل ایڈریس برائے شعبۃ الامتحانات گرلز:	شعبۃ الامتحانات کنزالمدارس بورڈ، 5th فلور مکتبۃ المدینہ (دعوت اسلامی)، گنج بخش روڈ، R-6-92 روڈ، داتا دربار مارکیٹ، لاہور
میل آئی ڈی برائے شعبۃ الامتحانات گرلز:	examination.female@kanz-ul-madaris.org

24. رجسٹرڈ مقالہ پورا کرنے کی مدت زیادہ سے زیادہ 2 سال ہوگی؛ مثلاً دسمبر 2022ء میں مقالہ رجسٹر ہوا تو نومبر 2024ء تک وہی ایک رجسٹرڈ مقالہ پورا کیا جائے گا۔

25. ایک ہی موضوع کے تحت اگر کئی باحثین (Researcher) کی تحقیقات ہوں تو سب کا مواد و انداز مختلف ہونا ضروری ہے، وگرنہ Plagiarism شمار کیا جائے گا اور سب کا کام منسوخ کر دیا جائے گا۔

نوٹ: باحث کے کام کو منسوخ یا قبول کرنے کی مجاز کنزالمدارس بورڈ کی طرف سے متعین کردہ مجلس ہوگی۔

26. الشہادۃ العالمیہ کے مقالہ میں پاس ہونے کے لئے کم از کم 40 فیصد نمبر حاصل کرنا ضروری ہے۔ 200 نمبرز کا 40 فیصد 80 نمبرز ہیں۔

مقالہ کی تاریخ میں توسیع کرانے کا طریقہ کار:

شعبۃ الامتحانات کنزالمدارس بورڈ میں تحریری درخواست جمع کروانا ہوگی۔ اس درخواست میں امیدوار مقالہ مکمل نہ ہونے کی وجوہات اور آئندہ مکمل کرنے کے عزائم کو ذکر کرے گا۔

تحریری مقالہ کی رہنمائی کے لیے معاون اساتذہ کرام

نمبر شمار	نام	رابطہ نمبر
1	مولانا فرحان اختر مدنی	0300-6945912
2	مولانا محمد آصف ندیم مدنی	0315-4800657
3	مولانا محمد عرفان حفیظ مدنی	0315-8262194
4	مولانا محمد مزمل مدنی	0322-4804526
5	مولانا محمد عبد الحفیظ مدنی	0321-4790182
6	مولانا محمد احمد سعید مدنی	0314-6341934
7	مولانا شاہد مدنی	0303-7602846
8	مولانا محمد شفیق مدنی	0307-7613388
9	مولانا محمد قاسم مدنی	0348-6072219

تاریخ اجرا:

31-05-2023